# مغربی پاکستان بیج اور فروٹ پودے آرڈیننس 1965

## مغربی پاکستان 1965 آرڈیننس نمبر XIII

( 31 MAY 1965)

فہرست


تمہید

دفعات

(1) مختصر عنوان۔وسعت۔ابتدا

(2) تعریفات

(3) مقامی علاقہ، بیج ،فروٹ ،میوہ جات، پودوں اور کوالٹی کے معیار کا نوٹیفکیشن

(4) اگانے والوں کی رجسٹریشن

(5) رجسٹر اگانے والوں کے حقوق

(6) سرٹیفکیشن ،تصدیق شدہ

(7) تصدیق شدہ بیج ،پودے،میوے، پودے یا نرسری پودوں کی فروخت اور تقسیم کار

(8) سزائیں

(9) مجاز اتھارٹی کے دیگر اختیارات

(10) قواعد بنانے کا اختیار

(11) اختیارات کی تفویض

# مغربی پاکستان بیج اور فروٹ پودے آرڈیننس 1965
## مغربی پاکستان 1965 آرڈیننس نمبر XIII

( 31 MAY 1965)

یہ آرڈیننس مغربی پاکستان کے بیج اور میوہ جات کے پودوں کی بہتر پیداوار اور تقسیم کار کے لیے ہے۔

تمہید:۔ جیسا کہ یہ ضروری ٹھہرا کہ پودوں کی بہتر پیداوار اور بیج کی تقسیم اور میوہ جات کی اعلیٰ کوالٹی کو مغربی پاکستان صوبہ میں یقینی بنایا جائے۔

اور جیسا کہ مغربی پاکستان کی اسمبلی سیشن میں موجود نہ ہے اور گورنر مغربی پاکستان ان حالات میں مطمئن ہے کہ فوراً کوئی قانون سازی اس ضمن میں ہو۔

لہذا اس لیئے آئین کے آرٹیکل 79 کلاز (ا) کے تحت اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے مغربی پاکستان درج ذیل آرڈیننس کو نافذ العمل کرے۔

(1) مختصر عنوان۔ وسعت، ابتدا

(1) یہ آرڈیننس مغربی پاکستان بیج اور پودے میوہ جات آرڈیننس 1965 کہلائے گا۔

(2) ماسوائے قبائلی علاقہ جات کے یہ تمام خیبر پختونخواہ پر اس کا اطلاق ہوگا۔

(3) اس سیکشن اور سیکشن 2 کا اطلاق ایکدم ہوگا جبکہ باقی آرڈیننس کا اطلاق باقی علاقوں میں حکومت کے نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔

(2) تعریفات:۔ اس آرڈیننس کے تحت (یہاں تک کہ مضمون میں کچھ اور ہو) درج ذیل تعریفات کے معنی درج ذیل ہیں۔

(i) تصدیق شدہ میوہ جات پودوں سے مراد تصدیق شدہ نرسری اور تصدیق شدہ بیج بالترتیب ہیں جیسا کہ سیکشن 6 کے تحت ہیں

(ii) مجاز اتھارٹی سے مراد حکومتی، اتھارٹی جو اختیارات کا استعمال، اس ضمن میں کر سکے۔

(iii) فروٹ پودوں سے مراد سیکشن 3 کے تحت تصدیق شدہ پودے ہیں۔

(iv) حکومت سے مُراد حکومت خیبر پختونخواہ ہے۔

(v) نرسری سے مُراد بیج، کاٹنا، یا دیگر مواد جو پودوں کے میوہ جات کے اگانے کیلئے کافی ہے۔

(vi) بیان کردہ سے مراد اس آرڈیننس کے بیان کردہ ہے۔

(vii) اولا د گارڈن سے مُراد تصدیق شدہ میوجات پودوں کو لگانے کے جو سامان جو ابھرتے ہوئے یا قلمی پودوں کے لیئے ضروری ہو۔

(viii) رجسٹرڈ اگانے والے سے مُراد وہ شخص یا لوگوں کا گروپ ہے جو کسی تخم میوہ پودہ جات یا نرسری کے لیے اس آرڈیننس کے تحت رجسٹر ہو۔

(ix) تخم سے مُراد کٹنگ، بلب، جڑ، نر یا نرسری پودے وغیرہ یا کوئی بھی سامان جو پودوں کے پیداوار میں استعمال ہو۔

(3) حکومت با قاعدہ سرکاری گزٹ میں بزریعہ نوٹیفکیشن مختص کرے۔

(i) مقامی علاقہ جہاں پر تخم، میوہ جات پودے اور نرسریوں کو اگایا جائے۔

(ii) تخم کے اجزا اور میوہ جات پودوں کو ان علاقوں رجسٹرڈ اگانے والوں کے ذریعے اگانا۔

(iii) سیکشن 6 کے تحت تخم، میوہ جات پودے اور نرسری کو حاصل کیا جائے۔

(4) اگانے والوں کی رجسٹریشن:۔

(1) کوئی بھی شخص اگر بیج، میوہ جاتی پودے یا نرسری کمرشل بنیاد پر اگانے کیلئے سنجیدہ ہے تو خاص طریقہ کار کے مطابق جیسا بیان ہوا ہے مجاز اتھارٹی کو اس آرڈیننس کے تحت رجسٹریشن کرائے۔

(2) اگر کوئی بھی شخص مجاز اتھارٹی سے منظور شدہ ہے تو اسکا نام اس مقصد کیلئے مجاز اتھارٹی کے رجسٹر میں درج کیا جائے

(3) مجاز اتھارٹی اس شخص کو با قاعدہ ایک سرٹیفکیٹ با قاعدہ طریقے سے مہیا کرے جس میں بیج کی مخصوص قسم، یا میوہ جاتی پودے یا نرسری کا ذکر ہو جس کیلئے اگانے میں وہ اختیار رکھتا ہو۔

(5) رجسٹرڈ لگانے والے کے اختیارات:۔

(1) رجسٹرڈ لگانے والے مجاز اتھارٹی کے مخصوص کردہ معیاد میں بیج، میوہ جاتی پودے اور نرسری جو رجسٹریشن سرٹیفکیٹ میں بیان ہوئی ہیں اگائے اور جہاں ضروری ہو با قاعدہ ایک پودوں کا گارڈن بنائے۔

(2) ایک رجسٹرڈ لگانے والا اگر ضرورت ہو تو مجاز اتھارٹی کے مخصوص کردہ لسٹ کے مطابق بیج یا میوہ جاتی پودے درآمد کرے۔

(3) بیج، میوہ جاتی پودے یا نرسری کے اگانے میں رجسٹرڈ لگانے والا مجاز اتھارٹی کے ہدایات و احکامات کے مطابق کام کرے اور خاص طور سے ان تمام احتیاطی تدابیر پر عمل کرے جو مجاز اتھارٹی نے دیئے ہیں۔

(4) رجسٹرڈ اگانے والا ایک خاص طریقہ کار کے تحت بزریعہ درخواست مجاز اتھارٹی کو بیج کا معائنہ، پودوں کے گارڈن، میوہ جاتی پودے اور نرسری کے لیے دے اور مجاز اتھارٹی کے مطابق کچھ اقدامات کی تجویز دے

(6) سرٹیفکیشن۔تصدیق شدہ:۔

(1) رجسٹرا گانے والے کے باقاعدہ درخواست پر جو مجوزہ طریقہ کار کے مطابق ہو، مجاز اتھارٹی اس کے بیج، گودام، فصل، باغات اور نرسری کا معائنہ کرے۔

(2) اگر مجوزہ اتھارٹی مطمئن ہے کہ بیج، میوہ جاتی پودے یا نرسری جو رجسٹر ڈ لگانے والے لگائے ہیں نے ایک مقررہ معیار حاصل کرلیا ہے تو مجاز اتھارٹی اس معیار کی باقاعدہ تصدیق کرے۔

(7) تصدیق شدہ بیج کی فروخت، تقسیم کار اور میوہ جاتی پودے اور نرسری پلانٹ:۔

(1) تصدیق شدہ بیج جو رجسٹر ڈ لگانے والے نے مہیا کی ہیں کو خاص طریقہ کار سے نمٹایا جائے۔

(2) تصدیق شدہ بیج میں مجاز اتھارٹی کے حکم کے مطابق رجسٹر ڈ لگانے والا کچھ اقسام/مقدار اپنے پاس رکھے۔ جبکہ بقیہ بیج وہ حکومت کو خاص قیمت پر فروخت کرے۔ جہاں پر قیمت ادا کی جائے تو رجسٹر ڈ ا گانے والوں کو قیمت ادا ہونے کے بعد سٹوریج کا بندوبست کرنا چاہیئے، یہاں تک کہ سامان کو حوالے کردے۔ جہاں پر قیمت کو ادا نہ کیا گیا تو رجسٹرا گانے والا حکومت کو نوٹس سے کہ وہ بیج کو کہیں اور بیچ دے گا۔

(3) جیسا کہ سیکشن 3 میں بیان کیا گیا ہے کہ رجسٹر ڈ ا گانے والا آزاد ہو گا کہ وہ جہاں چاہے میوہ جاتی پودوں اور نرسری کے پیداوار ایک خاص طریقہ کار سے نمٹائے۔

(8) سزائیں:۔

(1) اگر رجسٹر ڈ لگانے والا کوالٹی بیج یا میوہ جاتی پودوں یا نرسری میں فیل ہو جائے تو مجاز اتھارٹی کے باقاعدہ نوٹس کے بعد رجسٹر ڈ ا گانے والے کو سننے کا موقع فراہم کرنے کے بعد رجسٹریشن منسوخ کرادے۔

(2) اگر رجسٹر ڈ ا گانے والا سیکشن 3 کے نوٹیفکیشن کے مطابق مقرر معیار کی نرسری برقرار نہ رکھ سکا تو مجاز اتھارٹی بعد از نوٹس وفراہمی سننے موقع نرسری کو بحق سرکار ضبط کرے۔

(3) اگر رجسٹر ڈ ا گانے والے اس آرڈیننس کی کسی بھی شق کے خلاف ورزی کرے تو بغیر تعصب کے سیکشن 1 اور 2 کے سزا یافتہ ہونے کے بعد ایک ہزار روپے تک جرمانہ ہو گا۔

(4) اگر کوئی شخص باقاعدہ رجسٹر ڈ ا گانے والا نہیں ہے اور وہ کوئی نرسری تجارتی بنیادوں پر چلائے تو مجسٹریٹ فرسٹ کلاس پر سزا یافتہ ہونے کے بعد ایک ہزار روپے تک جرمانہ کیا جائے گا اور اگر سزا ہونے کے بعد بھی اس جرم کا مرتکب ہو رہا ہو تو پھر مزید 50روپے ہر دن کے حساب سے جہاں پر جرم جاری ہے۔

(5) کوئی بھی عدالت سیکشن 4 کے تحت قابل سزا کی جرم کا نوٹس نہ لے جب تک کہ مجاز اتھارٹی کی طرف سے با قاعدہ شکایت وصول نہ ہو اس شخص کی جانب سے جو مجاز اتھارٹی کی طرف سے مقرر کردہ ہو۔

(9) مجاز اتھارٹی کے اختیارات :۔ مجاز اتھارٹی کے درج ذیل اختیارات ہیں۔

(i) کسی بھی وقت، بیج ،فصل، پودوں کے باغ ،میوہ جاتی پودے، نرسری کو اگانا ،یا رجسٹر ڈ اگانے والوں کا معائنہ کرنا۔

(ii) کسی بھی بیج کو قبضہ کرنا یا اپنے پاس رکھنا یا اس نرسری کی پیداوار ضبط کرنا جو سیکشن 3 کے نوٹیفکیشن کے معیار کے مطابق نہ ہو اور خاص طریقے سے اسکو تباہ کرنا۔

(10) حکومت کے قواعد بنانے کا اختیار:۔

(1) حکومت ایک سرکاری گزٹ کے نوٹیفکیشن کے مطابق، اس آرڈیننس کو تقویت دینے کے لیے با قاعدہ قواعد بنائے۔

(2) خاص یا عام اختیارات بغیر کسی تعصب کے قواعد درج ذیل فراہمی کرے گی۔

(a) رجسٹریشن اور طریقہ کار وضع کے لیے تعلیم واہلیت۔

(b) پودوں کے باغات میں اقسام اور پودوں کی مقدار برقرار رکھنا اور باغ کا سائز۔

(c) وہ طریقہ کار جس کے مطابق مجاز اتھارٹی کو بیج ،فصل، باغات ،میوہ جات اور نرسری کے معائنہ کی درخواست دینا یا تجاویز دینا۔

(d) بیج اور میوہ جاتی پودوں کا کنٹرول، یا درآمدات یا برآمدات کو چلانے کا انتظام اور نرسری پیداوار کا اعلیٰ معیار۔

(e) ضبط کرنے کا طریقہ، کنٹرول کرنا یا اپنے پاس رکھنا جہاں پر سیکشن 3 کے نوٹیفکیشن کے معیار سے نیچے ہو۔

(f) وہ طریقہ کار جس میں ایک رجسٹر ڈ لگانے والا تصدیق شدہ بیج کو نمٹائے۔

(11) حکومت بزریعہ سرکاری گزٹ نوٹیفکیشن کے اپنے ماتحت افسران کو اس آرڈیننس کے ذریعے یا اس کے زیر بنائیگی تو اس کے تحت اختیارات تفویض دینا۔